بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ادارہ تحقیقات اسلامی

## اسلام آباد (پاکستان)

تار کا پتہ : اسلامسرچ

پتہ : سیوک سنٹر رسنا ۔ ٦
پوسٹ بکس نمبر ۱۰۳۵

حوالہ نمبر 11395/181/81

تاریخ 1981 - 6 - 21

مخدومی المکرم ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

خط مرقومہ 3 جون ہفتہ بعد 11 تاریخ کو ملا ۔ جہاں یہ معلوم کرکے مسرت ہوئی کہ آپکی صحت وغیرہ ٹھیک ہے وہاں یہ امر موجب تشویش ہے کہ لکھنے پڑھنے کے معمولات ہنوز بحال نہیں ہوئے اور طبیعت بدستور افسردہ ہے ۔ دعا ہے کہ اللہ تعالے جلد ان اثرات کو زائل کردے اور آپ حسب معمول علمی مشاغل میں منہمک ہوجائیں ۔ غم غلط کرنے اور دل بہلانے کا یہ بھی ایک ذریعہ ہے کہ مصروف رہا جائے ۔ پھر ابھی تو آپ کو بہت سے کام کرنے ہیں - حدیث سے متعلق آپ کے مجوزہ پروگرام کی اہمیت وافادیت اسکی مقتضی ہے کہ یہ منصوبہ کس طرح مکمل ہو ۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی تھی جب یہ معلوم ہوا تھا کہ تدبر قرآن کے بعد اب آپ حدیث کی طرف متوجہ ہیں ۔ مگر اب جو صورت حال ہے خدانخواستہ وہ برقرار رہی یعنی کام کرنے کی امنگ بیدار نہ ہوئی تو یہ بڑا سانحہ ہوگا ۔ امید ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس میں تبدیلی آئے گی اور پہلے سے زیادہ بے فکری اور یکسوئی کے ساتھ علمی سرگرمیوں کا سلسلہ شروع ہوجائے گا ۔

ہندوستان سے برادرم ابوسعد سلمہ کا ایک خط میرے نام آیا ہے ۔ اسکی نقل آپ کو روانہ ہے کوئی خاص بات نہیں پھر بھی آپ کو دلچسپی ہوگی ۔

میں مولانا فراہی کے نام خطوط کا ایک مجموعہ الگ سے کتابی صورت میں شائع کرنا چاہتا ہوں ۔ مواد تقریباً تیار ہے ۔ کیا آپ اسکے لئے از قسم پیش لفظ یا دیباچہ وغیرہ مختصر سی ایک تحریر لکھنے کے لئے خود کو آمادہ کرسکیں گے ۔ ایک خیال یہ بھی ہے کہ پاکستان میں الاصلاح ( مدرسۃ ) اور دائرہ حمیدیہ کی داغ بیل ڈالی جائے ۔ نام خواہ کچھ ہو کام وہی ہو ۔ آپ کا کیا خیال ہے ۔ اپنی رائے سے مطلع فرمائیے ۔ اگر آپ نے اس تجویز کو پسند کیا تو ہمارا ارادہ ہے کہ فراہی کے نام مجموعہ مکاتیب اسی دائرے کی طرف سے شائع کیا جائے ۔

امید ہے کہ جواب سے سرفراز فرمائیں گے ۔ میرے سوالنامے جو آپ کی میز پر آپکی توجہ کے منتظر ہیں ان کے لئے بھی تھوڑا سا وقت نکالئیے ۔

والسلام

( شرف الدین اصلاحی )
ایڈیٹر فکرونظر

بخدمت جناب مولانا امین احسن اصلاحی صاحب
معرفت فاران فاؤنڈیشن ، 122 فیروز پور روڈ ،
اچھرہ ۔ لاہور ۔

21 - 6 - 81